# HRA کی جانب سے دستیاب تدفین سے متعلق بھتہ کے بارے میں اکثر پوچھے گئے سوالات (Urdu)

موضوع کی مناسبت سے سوالات

تدفین سے متعلق بھتہ کی درخواست کی کارروائی ........ 1
HRA کی جانب سے تدفین سے متعلق بھتہ کون پا سکتا ہے ........ 3
HRA کے تدفین سے متعلق بھتہ کے ذریعے محیط اخراجات ........ 3
تجہیز و تکفین کے اخراجات کی تلافی ........ 5
متفرقات ........ 5
وسائل ........ 6

## تدفین سے متعلق بھتہ کی درخواست کی کارروائی

**1. میں تدفین سے متعلق بھتہ کے لیے درخواست کیسے دوں؟**

تدفین سے متعلق بھتہ M-860w کے لیے ایک مکمل کردہ درخواست درج ذیل طریقوں سے تدفین سے متعلق خدمات کے دفتر کو بھیجی جا سکتی ہے:

تدفین سے متعلق بھتہ دیکھیں اور اس بارے میں مزید پتہ کریں کہ HRA کس چیز کا احاطہ کرتا ہے۔

تدفین سے متعلق بھتہ کے درخواست فارم کے لیے ہدایات دیکھیں۔

**ڈاک:** HRA Office of Burial Services
33-28 Northern Boulevard - 3rd Floor
Long Island City, NY 11101

**فیکس:** **917-639-0476**

**ای میل:** **BurialServices@hra.nyc.gov**

**بذات خود:** 9:00 a.m. اور 5:00 p.m. کے درمیان پیر تا جمعہ مذکورہ بالا پتہ پر

اگر آپ کو درخواست کی نقل درکار ہو تو **718-557-1399** پر ہمیں کال کریں اور ہم یہ آپ کو بھیج دیں گے۔ اگر آپ کو ہماری ویب سائٹ سے درخواست کا الیکٹرانک ورژن مکمل کرنے میں مدد درکار ہو تو آپ ہمیں کال بھی کر سکتے ہیں۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**2. تدفین سے متعلق بھتہ کے لیے درخواست دینے کی آخری تاریخ کیا ہے؟**

درخواستیں تاریخ وفات کے بعد 120 دن کے اندر HRA کو موصول ہونی چاہئیں۔ موصول ہونے کی تاریخ وہ تاریخ ہے جس پر درخواست عملہ کے کسی ممبر کو ذاتی طور پر، ڈاک، ای میل یا فیکس کے ذریعے موصول ہو یا پھر عملہ کے ممبر کی جانب سے بذریعہ ٹیلیفون مکمل کی جائے۔

**3. مجھے کون سی معلومات اور دستاویزی شہادت فراہم کرنے کی ضرورت ہے؟**

ہماری ویب سائٹ، www1.nyc.gov/site/hra/help/burial-assistance.page ملاحظہ کریں اور https://www1.nyc.gov/site/hra/help/burial-assistance.page پر ہماری ویب سائٹ پر "Supporting Documents" (تائیدی دستاویزات) والا سیکشن دیکھیں

درخواست پر کارروائی کرنے کے لیے اضافی دستاویزات ضروری ہو سکتی ہیں۔

**4. میں نے تدفین خانہ کو پہلے ہی ادائیگی کر دی۔ کیا میں HRA کے پاس HRA کے بھتہ کے لیے درخواست دے سکتا ہوں؟ مجھے کیا چیز جمع کرانے کی ضرورت ہے؟**

ہاں۔ آپ کو ایک درخواست اور کچھ تائیدی دستاویزی شہادت فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی۔ ہماری ویب سائٹ، https://www1.nyc.gov/site/hra/help/burial-assistance.page ملاحظہ کریں اور "Supporting Documents" (تائیدی دستاویزات) والا سیکشن دیکھ کر پتہ کریں کہ آپ کو اور کس قسم کی دستاویزات جمع کرانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

**5. کیا میں خدمات کے لیے درخواست دینے سے پہلے تدفین سے متعلق بھتہ کے لیے درخواست دے سکتا ہوں؟**

ہاں، تدفین سے متعلق بھتہ کے لیے درخواست خدمات کے لیے مدوار بل یا معاہدہ ہونے کے ساتھ ہی جمع کرائی جا سکتی ہے۔

**6. میں نے سنا ہے کہ بھتہ کے لیے اہلیت کا تعین کرنے کے لیے ایک انٹرویو ہوتا ہے۔ کیا COVID-19 کے دوران بھی یہ ہو رہا ہے؟ اگر ہاں تو، کیسے؟**

ہاں، تدفین سے متلعق خدمات کے دفتر کے کیس ورکرز ٹیلیفون انٹرویوز کر رہے ہیں اور جمع کرائی گئی دستاویزات کا جائزہ لے رہے ہیں۔ تدفین سے متعلق خدمات کا دفتر بھی فون اور ای میل کے ذریعے درخواست دہندگان کے ساتھ مواصلت کر رہا ہے۔

**7. درخواست پر کارروائی ہونے میں کتنا وقت لگتا ہے؟**

مکمل شدہ درخواست، بشمول تمام تائیدی دستاویزات HRA کو موصول ہونے کے بعد 30 دنوں کے اندر ان پر کارروائی ہوگی۔

**8. تدفین سے متعلق بھتہ کس کو موصول ہوگا؟**

اگر درخواست اس سے پہلے ادا شدہ تجہیز و تکفین کے اخراجات کے لیے ہے تو بھتہ درخواست دہندہ کے نام جاری ہوگا۔ اگر تدفین کے اخراجات پہلے ادا نہیں ہوئے ہیں تو پھر باقی بیلنس کے ضمن میں تدفین خانہ یا مردہ خانہ کو ادائیگی کی جائے گی۔ بہر صورت، جب تک سند وفات فراہم نہیں کی جائے گی تب تک ادائیگی نہیں ہوگی۔

**(صفحہ پلٹیں)**

## ■ HRA کی جانب سے تدفین سے متعلق بھتہ کس کو مل سکتا ہے؟

**9. کیا وفات پا چکے کسی عزیز کی تدفین یا میت سوزی کے لیے ادائیگی کرنے میں مجھے مدد مل سکتی ہے؟**

ہاں۔ تدفین سے متعلق اعانت کم آمدنی والے نیو یارک کے اہل باشندوں کی تجہیز و تکفین کے اخراجات/تدفین/میت سوزی کے لیے ادائیگی کرنے میں مدد کے لیے دستیاب ہے۔ درخواستوں کا، دیگر دستاویزات کے ساتھ جائزہ لے کر یہ دیکھا جائے گا کہ آیا تدفین سے متعلق بھتہ کے لیے اہلیت کا معیار پورا ہوتا ہے۔

**10. تدفین سے متعلق بھتہ کن اخراجات کا احاطہ کرتا ہے؟**

تدفین سے متعلق بھتہ تجہیز و تکفین اور تدفین سے متعلق لاگتوں کے ضمن میں 1,700$ تک کا احاطہ کرتا ہے جس کے لیے درخواست دہندہ تدفین خانہ، مردہ خانہ یا قبرستان کی جانب سے مدوار بل فراہم کر سکتا ہے تاوقتیکہ کل لاگتیں اخراجات کی تلافی کے اندر ہوں (نیچے FAQ 17 دیکھیں)۔

## ■ HRA کے تدفین سے متعلق بھتہ کے ذریعے محیط اخراجات

**11. کیا مردہ خانہ کی خدمات تدفین سے متعلق بھتہ کے ذریعے محیط ہیں؟**
ہاں، مردہ خانہ کی خدمات محیط ہوں گی تاوقتیکہ دیگر شرائط پوری ہوتی ہوں۔

**12. کیا آپ درخواست کا جائزہ اور اس پر کارروائی ہونے کے انتظار کے دوران فوری ادائیگی کے لیے فنڈز دیتے ہیں؟**
نہیں۔ ایسی صورتوں کے لیے جہاں متوفی کا حتمی تصفیہ ابھی تک نہیں ہوا ہو وہاں ایک پیشگی منظوری نامہ جاری کیا جا سکتا ہے۔

**13. کیا HRA کا تدفین سے متعلق بھتہ ان حالات کا احاطہ کرتا ہے جہاں متوفی کی تدفین ریاست سے باہر ہوئی ہو؟**
اگر تمام اہلیتی شرائط پوری ہوتی ہیں (بشمول 3,400$ کی تلافی) تو متوفی کے ریاست سے باہر دفن ہونے کی حقیقت HRA کا تدفین سے متعلق بھتہ موصول کرنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

**14. میں کسی عزیز کے باقیات کو کسی مختلف ملک یا ریاست میں بھیجنا چاہتا ہوں۔ کیا یہ ایک محیط خرچ ہے؟**
ہاں۔ تدفین سے متعلق بھتہ NYC سے باہر دفن شدہ یا جلائے گئے نیو یارک کے باشندے کے اہل اخراجات کا احاطہ کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ تدفین سے متعلق بھتہ تجہیز و تکفین سے متعلق نقل و حمل کی لاگتوں کے ضمن میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے تاوقتیکہ کل اخراجات خرچ کی تلافی کے اندر ہی آئیں (نیچے FAQ 17 دیکھیں) اور وہ مخصوص خرچ مدوار بل میں شامل ہو۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**15. کیا مجھے متوفی فرد کو Hart Island سے نکلوانے کے لیے ادائیگی کرنی ہے؟ کیا میں تدفین سے متعلق بھتہ کے لیے درخواست دے سکتا ہوں؟**

نہیں، NYC انسانی وسائل کی انتظامیہ (Human Resources Administration, HRA) متوفی کی باقیات کی جگہ کا تعین کرنے اور اس کی قبر کھود کر نکالنے کے لیے چارج نہیں لیتا ہے۔ ہاں، تدفین سے متعلق بھتہ کی درخواست متوفی فرد کی قبر کھود کر اسے نکالنے اور دوبارہ دفن کرنے سے متعلق تجہیز و تکفین کی لاگتوں کے لیے دی جا سکتی ہے۔

**کھود کر نکالنا:**

ہارٹ آئی لینڈ میں کسی عزیز کی تدفین کی تصدیق کرنے پر، خاندان/دوست لائسنس یافتہ جنازہ گھر سے باقیات کو کھود کر نکالنے، اور ان کی دوبارہ تدفین یا تدفین کے لیے کسی اور جگہ درخواست کر سکتے ہیں۔

HRA، جو ہارٹ آئی لینڈ کے لیے ذمہ دار ہے، کسی مجاز جنازہ گھر میں باقیات کی جگہ کا تعین کرنے، اس کی قبر کھود کر نکالنے اور چھوڑنے کے لیے کوئی فیس نہیں لے گا۔ تاہم، توڑ پھوڑ کا انحصار باقیات کی بازیابی پر ہے۔

جو لوگ اپنے عزیز و اقارب کی باقیات کو دفنانا یا آخری رسومات کے لیے کسی اور جگہ منتقل کرنا چاہتے ہیں، انہیں لازمی طور پر لائسنس یافتہ جنازہ کے ڈائریکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے، جو فیس کے عوض، NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت کے دفتر برائے اہم ریکارڈز سے ڈس انٹرمنٹ پرمٹ حاصل کرے گا، اور ان کی منتقلی کا انتظام کرے گا۔

جاری ہو جانے کے بعد، جنازہ کا ڈائریکٹر اپنے لیٹر ہیڈ پر ڈس انٹرمنٹ کی رسمی درخواست کے ساتھ ڈس انٹرمنٹ پرمٹ جمع کرائے گا:

NYC Human Resources Administration
General Support Services (GSS) – Hart Island Division
375 Pearl Street – 24th floor
New York, NY 10038

GSS - ہارٹ آئی لینڈ ڈویژن ڈس انٹرمنٹ کا شیڈول بنائے گا، اور باقیات کو منتقل کرنے کے لیے جنازہ گھر کے ساتھ کام کرے گا۔

مزید معلومات کے لیے GSS – ہارٹ آئی لینڈ ڈویژن سے 6860-221 (929) پر رابطہ کریں یا https://www.nyc.gov/site/hartisland/hart-island/disinterment.page ملاحظہ کریں۔

**16. میں اپنے فیملی ممبر کو ہارٹ آئی لینڈ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے لیے یا آخری رسومات کے لیے انتظامات کس طرح کروں؟**

براہ کرم ہارٹ آئی لینڈ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں:
https://www1.nyc.gov/site/doc/about/hart-island.page.

**(صفحہ پلٹیں)**

## تدفین سے متعلق اخراجات کی تلافی

**17. تدفین سے متعلق اخراجات کی تلافی کیا ہے؟**

تدفین سے متعلق بھتہ ایسی تجہیز و تکفین//تدفین پر لاگو نہیں ہو سکتا ہے جس کی لاگت $3,400 سے زائد ہو۔ تاہم، بعض اخراجات اس تلافی میں شمار نہیں ہوتے ہیں۔ اضافی معلومات کے لیے براہ کرم ہمارے دفتر سے **718-557-1399** پر رابطہ کریں۔

**18. کم لاگت پر تجہیز و تکفین کے اختیارات کے لیے میں کس سے رابطہ کروں؟ اور اگر میت خانہ یہ کہے کہ وہ $3,400 سے کم تلافی کی کل لاگت نہیں لے سکتے تو کیا ہوگا؟**

تجہیز و تکفین کے وسائل کے بارے میں معلومات ریاستی اور وفاقی سابق فوجیوں کی انتظامیہ، یا NYS کرائم وکٹمز فنڈ سے دستیاب ہو سکتی ہیں (وسائل کی فہرست ذیل میں دیکھیں)۔ اس کے علاوہ، کچھ مذہبی ادارے مفت تدفین کی پیشکش کرتے ہیں۔ ہم افراد کو تجہیز و تکفین سے متعلق خدمات کے ساتھ کام کرکے یہ پتہ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں کہ کون سے ایسے اختیارات دستیاب ہیں جو کم خرچ والے ہو سکتے ہیں۔ آپ https://www.nyc.gov/assets/hra/downloads/pdf/benefits/BRC-1048.pdf پر دستیاب آفس آف بریل سروسز کا بروشر بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

## متفرقات

**19. میں سند وفات کیسے حاصل کروں؟**

فونرل ڈائریکٹر عام طور پر تب سند وفات کا آرڈر کرتا ہے جب آپ تجہیز و تکفین کے انتظامات کرتے ہیں۔ آپ اسے بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں https://www1.nyc.gov/site/doh/services/death-certificates.page۔
اگر متوفی فرد نیو یارک سٹی سے باہر فوت ہوا تو آپ کو اس دائرہ اختیار کی مقامی سرکاری اتھارٹی سے رابطہ کرنا چاہیے۔

**20. آپ میری ذاتی معلومات کا تحفظ کس طرح کر رہے ہیں؟**

آپ کی رازداری ہمارے لیے اہم ہے۔ آپ کی ذاتی معلومات کا تحفظ وفاقی، ریاستی اور مقامی رازداری کے قوانین کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ ہم آپ کی جمع کرائی ہوئی تمام معلومات کو خفیہ اور محفوظ رکھیں گے۔

**21. میں عوامی چارج کے بارے میں فکر مند ہوں۔ کیا تدفین سے متعلق بھتہ کے لیے درخواست دینے سے گرین کارڈ کی میری درخواست منفی طریقے سے متاثر ہوگی؟**

اگر اس بارے میں آپ کے سوالات ہوں کہ اس بھتہ کی وصولیابی آپ کے ترک وطن کی حیثیت کو کس طرح متاثر کر سکتی ہے تو آپ مفت، رازدارانہ ActionNYC ہاٹ لائن کو 1-800-354-0365 پر کال کرکے"public charge" بول سکتے ہیں۔ ہاٹ لائن پیر تا جمعہ، 9:00 بجے صبح تا 6:00 بجے شام دستیاب ہے۔

**22. کیا یہ بھتہ واپس ادا کرنا ہے؟**

قانونی طور پر غیر ذمہ دار رشتہ دار کو بھتہ واپس ادا نہیں کرنا ہے۔ اگر قانونی طور پر ذمہ دار ایسا رشتہ دار موجود ہے جو تدفین یا میت سوزی کے لیے ادائیگی کر سکتا ہو، جیسا کہ ریاستی قانون کا تقاضا ہے، تو HRA قانونی طور پر ذمہ دار اس رشتہ دار سے اس رقم کی وصولی کا خواہاں ہو سکتا ہے۔ نیز، اگر متوفی فرد کے پاس اثاثے والی کوئی جاگیر ہے، جیسا کہ ریاستی قانون کا تقاضا ہے، تو HRA اس جاگیر کے خلاف دعوی کر سکتا ہے۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**23. میں نے اس سے پہلے ٹیکس فائل نہیں کیا ہے۔ میں اپنی آمدنی کیسے ثابت کروں؟**

اگر آپ قانونی طور پر ذمہ دار رشتہ دار ہیں (تعریف نیچے دیکھیں) تو آپ کو اپنی مالی معلومات فراہم کرنی ہوں گی اور یہ بیان کرنا ہوگا کہ آپ خود کی کفالت کیسے کرتے ہیں۔ درخواست پر کارروائی کے دوران، آپ سے آپ کی آمدنی، ملازمت کی حیثیت، اثاثے اور آپ کے گھرانے میں موجود فیملی ممبرز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ کچھ معلومات کی درخواست دوسری ایجنسی سے کرنی پڑ سکتی ہے۔

ریاستی قانون کے مطابق، قانونی طور پر ذمہ دار رشتہ دار (Legally Responsible Relative, LRR) وہ فرد ہوتا ہے جو قانونی طور پر متوفی فرد سے شادی شدہ ہو یا اس متوفی فرد کے والدین یا قانونی سرپرست ہوں جس کی عمر اکیس (21) سال سے کم ہو۔ ALRR اپنی اہلیت کی حد تک متوفی فرد کے حتمی تصفیہ کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

## وسائل

1. تجہیز و تکفین کا انتظام کرنے سے متعلق معلومات کے لیے NYS کے محکمہ صحت کی ویب سائٹ https://www.health.ny.gov/publications/0704/ پر ملاحظہ کریں

"تجہیز و تکفین کا انتظام کرنے سے متعلق صارف کا رہنما" (A Consumer's Guide to Arranging a Funeral) - https://www.health.ny.gov/publications/0704.pdf

2. "اپنے تجہیز و تکفین کے لیے ادائیگی کرنے سے پہلے، اپنے حقوق کو جانیں" (Before Prepaying Your Funeral, Know Your Rights) https://www.health.ny.gov/publications/0703.pdf

3. NYC محکمہ برائے سابق فوجیوں کی خدمات - http://www.nysfda.org/images/COVID-19/cidD70B349D-C99A-4C62-BBFA-FCFD38C0BD99.pdf

4. NYS شعبہ برائے سابق فوجیوں کی خدمات - https://veterans.ny.gov/indigent-burial-reimbursements

5. U.S. محکمہ برائے سابق فوجیوں کے امور- https://www.benefits.va.gov/compensation/claims-special-burial.asp

6. NYS دفتر برائے متاثرین کی خدمات - https://ovs.ny.gov/

7. NYC Well - https://nycwell.cityofnewyork.us/en/

8. مرحوم کے بچوں اور دیگر متوسلین کیلئے پسماندگان کے فوائد (Survivors Benefits for Decedents' Children and Other Dependents) اور درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں مزید جاننے کیلئے سوشل سیکورٹی ایڈمنسٹریشن ویب سائٹ ملاحظہ کریں: https://www.ssa.gov/benefits/survivors/#anchor1

9. بریل سروسز کا بروشر – https://www.nyc.gov/assets/hra/downloads/pdf/benefits/BRC-1048.pdf-